28/04/2025

07.40 PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ تجمل احمد سے خبریں سُنئے

پہلے اہم خبروں کی سُرخیوں پر ایک نظر۔

ہیڈ لائنز

*.......جموں کشمیر قانون ساز اسمبلی مینپہلگام دہشت گردانہ حملے کی مذمت کیلئے ایک قرار داد پاس ۔

*....وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ سمیت سبھی پارٹیوں کے لیڈر وں اور کئی ارکان نے پہلگام حملے کو بزدلانہ اور انسانیت سوز دیا قرار // قوم دشمن عناصر کا متحد ہو کر مقابلہ کرنے کا دُہرایا عزم۔

*.......وزیر دفاع راجناتھ سنگھ کی وزیر اعظم نریند رمودی کے ساتھ ملاقات//پہلگام حملے کے بعد پیدا شدہ صورتحال سے جڑے امور پر کیا تبادلہ خیال ۔

اور

*.......جموں کشمیر مینہر گذرتے دن کے ساتھ گرمی کی شدت میں ہو رہا ہے اضافہ ۔

اسمبلی

جموں و کشمیر قانون ساز اسمبلی کا ایک خصوصی اجلاس آج جمونمیں منعقد ہوا۔ اجلاس شروع ہوتے ہی پہلگام دہشت گردانہ حملے میں مارے گئے شہریوں کی یاد میں دو منٹ کی خاموشی اختیار کی گئی۔ایوان میں پہلگام حملے کی مذمت کرنے کیلئے ایک قرار داد پاس کی گئی۔ نائب وزیر اعلیٰ سریندر چودھری کی طرف سے پیش کی گئی اس قرارداد کو اسپیکر عبدالرحیم راتھر نے زبانی ووٹ سے پاس کیا۔قرار داد میں اس حملے کی سخت مذمت کی گئی اور کہاگیا کہ یہ حملہ براہ راست کشمیریت ،آئین کے اقدار ، یکجہتی کے جذبے، امن او ر اخوت پربراہ راست حملہ ہے۔ایوان میں سیاحوں کی جانیں بچانے میں بہادری کا جذبہ دکھانے کیلئے سید عادل حسین شاہ کو بھی خراج عقیدت ادا کیاگیا۔ قرار داد میں حملے کے بعد جمونکشمیر کے لوگوں کی طرف سے یکجہتی ، ہمدردی اور مہمان نوازی کا بے مثال مظاہرہ کرنے کی تعریف کی گئیں۔ایوان ن مرکزی حکومت کی طرف سے 23اپریل کو اعلان کئے گئے سفارتی اقدامات کی توثیق کی گئی۔

اس موقعے پر وزیراعلیٰ عمر عبداللہ نےکہا کہ وہ پہلگام ہلاکتوں کے معاملے پر سیاست نہیں کریں گے۔ انہوں نے ان ہلاکتوں کی سخت مذمت کرتے ہوئے سوگواروں کے ساتھ تعزیت کا اظہار کیا ۔ انہوننے کہا۔

............CM............

قرار داد پرنائب وزیر اعلیٰ سریندر چودھری نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اس بزدلانہ حملے کی مذمت کیلئے الفاظ بھی کم پڑتے ہیں۔ انہوں نے کہاکہ کشمیری مہمان نوازی اور آپسی روا داری کے جذبے کیلئے پوری دنیا میں مشہور ہے۔

اسمبلی میں حزب اختلاف کے لیڈر سنیل شرما نے پہلگام حملے کے دوران مارے گئے شہریوں کو خراج عقیدت ادا کرتے ہوئے کہا کہ جموں کشمیرکو زمین پر جنت کا درجہ حاصل ہے ۔

انہوں نے کہا کہ پہلگام حملے سے پوری انسانیت غمزدہ ہو گئی ہے اور پورا ملک گہرے صدمے میں ہے۔

کانگریس لیڈر غلام احمد میر ، سجاد غنی لون ، محمد یوسف تاریگامی ، الطا ف احمد وانی،مظفر اقبال خان ، وحید الرحمان پرہ ، شبیر احمد کلے ، شیخ خورشید احمد اور معراج ملک نے قرار داد پر اپنے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے متاثرین کے ساتھ یکجہتی اور ہمدردی کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہاکہ ہمیں متحد ہو کر ہمارے سماجی تانے بانے کو نقصان پہنچانے والے عناصر کا مقابلہ کرنا چاہئے ۔

اس سے پہلےاسپیکر عبدالرحیم راتھر نے بھی پہلگام حملے کی مذمت کرتے ہوئے سوگوار کنبوں کے ساتھ ہمدردی کااظہار کیاہے۔

بعد میں اسپیکر نے ایوان کی کارروائی کو غیر معینہ عرصے تک کیلئے ملتوی کر دیا۔

رویندر قرار داد

BJP کے سینئر لیڈر رویندر رینا نے اسمبلی طرف سے قرار داد پاس کرنے پر کہا کہ اس قرار داد سے پاکستان کی معاونت والی دہشت گردی کا مقابلہ کرنے کے عزم کو تقویت حاصل ہوتی ہے ۔

............Ravinder........

نائب وزیر اعلیٰ

نائب وزیر اعلیٰ سریندر چودھری نے کہاہے کہ پاکستان کو یہ بات سمجھ لینی چاہئے کہ دہائیوں تک اسے جموں کشمیر میں کچھ بھی حاصل نہیں ہوا ہے اور نہ مستقبل مینکچھ حاصل ہوگا۔ جمونمیں میڈیا کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا۔

...........Dy. CM...........

سکینہ ایتو

صحت و طبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے پہلگام دہشت گردانہ حملے کو انسانیت کے نام پر دبہ قرار دیتے ہوئے کہاکہ اس کی مذمت کرنے کیلئے الفاظ بھی کم پڑتے ہیں ۔ انہوں نے کہا کہ اس طرح کے واقعات دوبارہ نہیں ہونے چاہئے ۔ جموں میں میڈیا نمائندوں کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا۔

...........Sakeena...........

جتندر سنگھ

مارگ نئی دلی KG سائنس اور ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر ڈاکٹر جتندر سنگھ کی صدارت میں آج میں ہندی ایڈوائزری کمیٹی کی 15ویں میٹنگ منعقد ہوئی جس میں مختلف وزارتوں کے اعلیٰ افسران کے علاوہ کئی ممبران پارلیمنٹ نے شرکت کی ۔ میٹنگ شروع ہونے سے پہلے پہلگام دہشت گردانہ حملے میں مارے گئے عام شہریوں کی یاد میں دو منٹ کی خاموشی اختیا رکی گئی۔اس سے پہلے وزیر موصوف نے کھٹوعہ میں ایک سیکورٹی جائزہ میٹنگ کی صدارت کے بعد ذرائع ابلاغ کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی بذات خود صورتحال کی نگرانی کر رہے ہیں۔انہوں نے کہا ۔

........Jitender........

فاروق عبداللہ

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فارو ق عبداللہ نے پہلگام دہشت گردانہ حملے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان کو سمجھنا چاہئے کہ یہ حملہ انسانیت کا قتل ہے۔میڈیا نمائندوں کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوں نے اپنے تاثرات کا یوں اظہار کیاہے۔

...........Farooq...........

درخشاں اندرابی

کی سینئر لیڈر  ڈاکٹر درخشاں اندرابی نے کہا ہے کہ سرحد BJP وقف بورڈ کی چیر پرسن اور پار سے دہشت گردی کی مدد کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی کرنے کا مناسب وقت آگیا ہے۔ ایک بین الاقوامی ہندی نیوز چینل کو دیئے گئے ایک انٹرو یو میں انہوں نے پہلگام حملے کی سخت مذمت کی ۔ انہوں نے کہا ۔

........Darakshan........

قرہ

پردیش کانگریس کے صدر طار ق حمید قرہ نے کہا ہے کہ کانگریس پارٹی جموں کشمیر میں امن او ر سلامتی کو یقینی بنانے میں حکومت کی کاوشونکی بھر پور حمایت کرے گی ۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوں نے پہلگام حملے کی مذمت کرتے ہوئے کہاکہ کانگریس پارٹی اس اہم موڈ پر ملک کی سالمیت اور یکجہتی کو ترجیح دے رہی ہے۔

سیاح

پہلگام حملے کے بعد اگر چہ یہاں کاسیاحتی منظر نامہ بری طرح متاثر ہوا ہے تاہم کئی سیاح یہاں کے سیاحتی مقامات کی خوبصورتی سے ان دنوں بھی لطف اندوز ہو رہے ہیں۔

یہ سیاح یہانکی فراخدلی ، نرم مزاجی اور بے مثال مہمان نوازی کی تعریف کر رہے ہیں۔ کئی سیاحوں نے آکاشوانی سے بات کرتے ہوئے ملک کے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ بلا کسی خوف خطر سے وادی کی سیر پر آئیں۔

...........Tourists........

میٹنگ

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج نئی دلی میں وزیر دفاع راجناتھ سنگھ کے ساتھ ملاقات کی ۔ چالیس منٹ تک جاری رہنے والی یہ میٹنگ پہلگام دہشت گردانہ حملے اور اس کے بعد حکومتی

سطح پر ہوئی کارروائی کے تناظر میں منعقدہوئی۔اس سے پہلے کل چیف آف ڈیفنس سٹاف جنرل انیل چوہان نے بھی راجناتھ سنگھ کے ساتھ ملاقات کی ۔

بریک

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سماعت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبریںآپ آکاشوانی کے موبائیل اپلیکشن نیوز آن

عوامی ایکشن کمیٹی

وزارت داخلہ نے عمر فاروق کی سربراہی والی تنظیم عوامی ایکشن کمیٹی کو قوم دشمن سرگرمیوں کی پاداش میں غیر قانونی تنظیم قرار دیا ہے۔

اس حوالے سے وزارت داخلہ نے 11مارچ2025 کو ایک نوٹیفکیشن جاری کیا ہے جبکہ معاملے میں انسداد غیر قانونی سرگرمیوں کے ٹریبونل دلی ہائیکورٹ نئی دلی کی طرف سے 17اپریل کو ایک شو کاز نوٹس بھی جاری کیا گیا ہے اور عوامی ایکشن کمیٹی سے کہا گیا ہے کہ وہ30دنوں بلاک کی دوسری منزل میں موجودS کے اندر اندر اپنے اعتراضات یا جواب دلی ہائیکورٹ کے کے رجسٹرار کے دفترمیں جمع کرائیں۔Unlawfull Activities Prevention Tribunal

تنظیم سے مزید کہاگیاہے کہ وہ 16مئی 2025کو شام 5بجے دلی ہائیکورٹ میں مزید کارروائی کیلئے حاضر ہو جائیں۔

اتحاد المسلمین

وزارت داخلہ نے مسرور عباس انصاری کی سربراہی والی اتحاد المسلمین نامی والی تنظیم کو قوم دشمن سرگرمیوں کی پاداش میں غیر قانونی تنظیم قرار دیا ہے۔

اس حوالے سے وزارت داخلہ نے 11مارچ2025 کو ایک نوٹیفکیشن جاری کیا ہے جبکہ معاملے میں انسداد غیر قانونی سرگرمیوں کے ٹریبونل دلی ہائیکورٹ نئی دلی کی طرف سے 17اپریل کو ایک شو کاز نوٹس بھی جاری کیا گیا ہے اوراتحاد المسلمین تنظیم سے کہا گیا ہے کہ وہ30دنوں بلاک کی دوسری منزل میں موجودS کے اندر اندر اپنے اعتراضات یا جواب دلی ہائیکورٹ کے کے رجسٹرار کے دفترمیں جمع کرائیں۔Unlawfull Activities Prevention Tribunal

تنظیم سے مزید کہاگیاہے کہ وہ 16مئی 2025کو شام 5بجے دلی ہائیکورٹ میں مزید کارروائی کیلئے حاضر ہو جائیں۔

عالمی دن

آج کام کی جگہوں پر سلامتی اور صحت کے معیار کو بر قرار رکھنے کا عالمی دن ہے۔آج کے دن کامگاروں کی صحت اور سلامتی پر ڈیجیٹلائزیشن اور مصنوعی ذہانت کے اثرات کی طرف توجہ دی جا رہی ہے۔ اس دن کی مناسبت سے جموں کشمیر کے لیبر کمشنر ایس چرن دیپ سنگھ نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

...........Labour........

رویندر ینا

BJP کے ایک سینئر لیڈر رویند رینا نے آج لنگیٹ کا دورہ کرکے وہاں دہشت گردوں کی طرف سے حال ہی میں مار ے گئے غلام رسول ماگرے کے لواحقین کے ساتھ تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا۔ انہوں نے اس بہیمانہ ہلاکت کی سخت مذمت کرتے ہوئے کہاکہ قصور واروں کو سخت سے سخت سزا دی جانی چاہئے ۔ بعد میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا۔

....Ravinder Raina

منشیات

نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت سماج کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کیلئے ملک بھر میں ہر سطح پر کوششیں جاری ہیں۔ وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

............(PM)....Byte............

جموں کشمیر میں نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کیلئے درکار اقدامات کے ضمن میں آج جب ہم نے جمونکے ایک معروف صحافی تنویر خطیب کے ساتھ بات کی تو انہوں نے کہا ۔

(Tanveer) ----V/O----

گرمی

جموں کشمیر میں ہر گذرتے دن کے ساتھ گرمی کی شدت میں اضافہ ہوتا جا رہا ہے۔ جموں میں درجہ حرارت چالیس ڈگری تک پہنچ گیا ہے جبکہ وادی میں بھی رفتہ رفتہ گرمی کی صورتحال بڑھ رہی ہے ۔ اس موسمی صورتحال کے تعلق سے سرینگرمیں محکمہ موسمیات کے سربراہ ڈاکٹر مختار احمد نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

........Dr. Mukhtar............

سبکدوش

کمرشل براڈ کاسٹنگ سروسز سرینگر کے سربراہ نریندر پال سنگھ اور آکاشوانی سرینگر کے سینئر اناؤنسر معراج الدین احمد 30اپریل کو اپنی نوکری سے سبکدوش ہو رہے ہیں ۔اس سلسلے میں آج آکاشوانی سرینگر کے آڈٹیورم میں سٹیشن کے سربراہ گربیندر سنگھ کی صدارت میں ایک الوداعیہ تقریب منعقد ہوئی جس میں ان دو براڈ کاسٹروں کی کے رول کو اجا گر کیاگیا۔

تقریب مینبشیر عارف ، ڈاکٹر رفیق مسعودی،سید ہمایوں قصیر ، رخسانہ جبین، شمشاد کرالہ واری ، مشتاق احمد لٹو، عبدالرحمان بٹ، شریف الدین ، غلام حسن غمگین کے علاوہ کئی دیگر سبکدوش افسران بھی موجود تھے۔اس موقعے پر کفایت فہیم اور اسد انجم نے اپنی موسیقی سے سامعین کو محضوظ کرایا ۔

پابندی

بھارت نے حالیہ پہلگام دہشت گردانہ حملے کے تناظرمیں بھارت کے خلاف من گھڑت جانکاری پھیلانے کیلئے پاکستان کی 16یو ٹیوب چینلوں پر پابندی عائد کی ہے۔

کمال

نیشنل کانفرنس کے معاون جنرل سیکریٹری ڈاکٹر شیخ مصطفی کمال نے قانون نافذ کرنے والے اداروں پر زور دیا ہے کہ پہلگام حملے کے تناظرمیں جاری تحقیقات اور کارروائیوں کے دوران اس بات کو یقینی بنائیں کہ کسی بے گناہ اور معصوم کو خوف کا سامنا نہ کرنا پڑے ۔

میاں الطاف

نیشنل کانفرنس کے پارلیمنٹ ممبر میاں الطاف احمد انتظامیہ سے اپیل کی ہے کہ وہ بلند پایہ ولی کامل حضرت بابا حیدر ریشی المعروف ریشہ مولؔکے عرس مبارک کے سلسلے میں معقول انتظامات کریں ۔

اطلاع

آکاشوانی نیوز سرینگرتمام سیاسی پارٹیوں ، سماجی اور ثقافتی تنظیموں، تعلیمی اداروں ، پروفیشنل کالجوں نیز یونیورسٹیوں کواطلاع دیتے ہیں کہ وہ اپنے پریس بیان، سرکیولر یا آڈیو بائیٹس سہ پہر ساڑھے چار بجے تک نیو ز روم کے ای میل آئی ڈی radiokashmir@gmail.com پر بھیج دیں ،تاکہ انہیں صحیح طریقے پر نیوز بلٹینز میں شامل کیا جا سکے۔

موسم

محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے24گھنٹوں کے دوران موسم عام طور پر خشک رہنے کا امکان ہے۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 28اعشاریہ8ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 8اعشاریہ6ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 40اعشاریہ1ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت21اعشاریہ6ڈگری سیلسیس تھا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر44 اور غروب آفتاب شام7بجکر13منٹ پر ہو گا۔

اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔

خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے

کل صبح7بجکر45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا۔

ہمیں دیجئے اجازت//خدا حافظ۔